# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 22 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲/نومبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بی ایس ایف کو آئندہ پانچ برسوں میں دنیا کی سب سے جدید فورس بنانے کا ہدف۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا عزم۔

☆ وزیر اعظم فصل بیمہ اسکیم میں مزید دو قسم کے نقصانات کو شامل کیا جائے گا۔ وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان کی اطلاع۔

☆ نئے قوانین محنت کل سے ملک بھر میں نافذ

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں منعقدہ ایکیم کانفرنس کے مندوبین کا آج ایلورہ دورہ۔

اور۔۔۔☆لکش سین، آسٹریلین اوپن بیڈمنٹن چمپئن شپ کے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں داخل۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سرحدی حفاظتی دستے بی ایس ایف آئندہ پانچ برسوں میں دنیا کی سب سے جدید فورس بنانے کا ہدف ہے۔ بی ایس ایف کی 61/ویں یوم تاسیس کی مناسبت سے کل گجرات کے بھوج میں منعقدہ ایک پروگرام سے وہ خطاب کرر ہے تھے۔ شاہ نے کہا کہ اگلا ایک برس بی ایس ایف کی جدید کاری اور فوجیوں کی فلاح و بہبود کے لیے وقف رہے گا۔ اس تقریب نے امت شاہ کو گارڈ آف آنر بھی دیا گیا۔ فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا۔۔

**Byte: Central Home Minister, Amit Shah**

***** ***** *****

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ''ایگرو ویژن'' زراعت کے شعبے میں علوم۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کا سنگم ہے۔ اور زرعی تحقیق ادارے۔ خانگی صنعتوں اور زرعی یونیورسٹی کے اشتراک سے کسانوں کی رہنمائی کا بہترین پلیٹ فارم ہے۔ کل ناگپور میں 61/ویں ایگرویژن زرعی نمائش کی افتتاحی تقریب سے وہ خطاب کرر ہے تھے۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے بتایا کہ فصل بیمے میں مزید دو قسم کے نقصانات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا۔

**Byte: Shivraj Singh chauhan, Central Agricultural Minister**

اس پروگرام میں مرکزی وزیر مبنی حمل و نقل نتن گڈکری۔ ریاست کے وزیر زراعت دتاترے بھرنے سمیت کئی اہم شخصیات موجود تھیں۔

***** ***** *****

نئے مزدور قوانین کل سے نافذ العمل ہو گئے ہیں۔ مرکزی وزیر محنت من سکھ مانڈویہ نے یہ اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پرانے قوانین محنت کو یکجا کر کے تیار کئے گئے یہ قوانین ہر شعبے کے مزدوروں کے مفادات کا تحفظ کرتے ہیں۔ ان جئے قوانین کے ذریعے مزدوروں کو بر وقت تنخواہ۔ بیمہ تحفظ اور دیگر

فلاحی اسکیموں کا بہ آسانی فائدہ ملے گا۔ اسکے ساتھ ہی تقرر نامے، خواتین کو مساوی تنخواہ۔ 40 کروڑ مزدوروں کو بیمہ۔ اور طے شدہ مدت کے لیے ملازمت حاصل کرنے والوں کو ایک برس کے بعد گریجویٹی مل سکے گی۔ 40 برس سے زائد عمر کے مزدوروں کو سالانہ مفت طبی جانچ کی سہولت بھی دی جائے گی۔ اور اوورٹائم کرنے والوں کو طبی بیمہ فراہم کرنے کی شقیں بھی ان قوانین میں موجود ہیں۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پانے کے لیے ڈرائیوروں اور کنڈکٹروں کے اوورٹائم الاؤنس کے قواعد میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کی ہیں۔ اب اوورٹائم دیتے وقت کم بنیادی تنخواہ والے ملازمین کو ترجیح دینے کے احکامات ایس ٹی کارپوریشن نے دیئے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

سڑک پر موجود غڑھوں کی وجہ سے کسی کی حادثاتی موت ہو جائے یا کوئی زخمی ہو جائے تو معاوضہ کی ادائیگی متعلقہ محکمے کی ذمہ داری ہوگی۔ یہ اطلاع بھنڈارہ میں ضلعی قانونی خدمات اتھارٹی کے سیکریٹری ملند کمار بوراڑے نے دی۔ انہوں نے کہا کہ زخمیوں یا متوفیوں کے ورثاء کو معاوضے کے لیے متعلقہ محکمے میں درخواست دینا ہوگی۔ حادثے کی تحقیقات کے بعد ہلاک شدگان کے ورثاء کو چھ لاکھ روپیئے جبکہ زخمیوں کو 50 ہزار روپیئے سے ڈھائی لاکھ روپیوں تک کا معاوضہ دیا جائے گا۔ یہ رقم دیگر قوانین کے تحت ملنے والے معاوضے کے علاوہ ہوگی۔

***** ***** *****

دھولیہ ضلع کی دونڈائیچا میونسپل کونسل کے انتخابات میں پہلی بار صدر بلدیہ سمیت تمام 26 کونسلرز بلا مقابلہ منتخب ہوئے ہیں۔ ریاست میں پہلی میونسپلٹی ہے جہاں صدر سمیت تمام کونسلرز بلا مقابلہ منتخب ہوئے ہیں۔ اس انتخاب پر دھولیہ ضلع، شندکھیڑا تعلقہ اور دونڈائیچا شہر میں بی جے پی عہدیداران اور کارکنان نے زبردست جشن منایا۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی آئندہ 30 / نومبر کو آکاش وانی پر من کی بات پروگرام کے تحت عوام سے بات چیت کریں گے۔ یہ اس سلسلے کا 128 واں پروگرام ہے۔

***** ***** *****

پنجی میں جاری انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف انڈیا ''ایفی'' کے تحت اطلاعات و نشریات کے مملکتی وزیر ڈاکٹر ایل مورگن کی زیر صدارت کل کو پروڈکشن کے موضوع پر مندوبین کی ایک کانفرنس منعقد ہوئی۔ پائریسی روکنے کے اقدامات۔ بین الاقوامی فلمی اشتراک کو فروغ دینے اور دیگر موضوعات پر اس کانفرنس میں گفت شنید ہوئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں منعقدہ ایکیم کانفرنس کے مندوبین آج ایلورہ کا دورہ کریں گے۔ اس بین الاقوامی کانفرنس کے تحت 30 ممالک کے ثقافتی سفیر کل شہر پہنچے۔ چکل تھانہ طیران گاہ پر ان کا روایتی طرز پر استقبال کیا گیا۔ یہ تمام مہمان بی بی کا مقبرہ۔ دولت آباد کا قلعہ اور غار ہائے ایلورہ کا دورہ کریں گے۔ شام میں ایلورہ کے کیلاش غار کے قریب ''اومکار'' نامی رقص کا مظاہرہ کیا جائیگا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے شکر کارخانوں کے لیے ترغیبی اسکیم کا اعلان کیا ہے۔اس اسکیم کے تحت بروقت قرض کی ادائیگی میں مدد کے لیے کاشتکاروں کو بہتر قیمت ادا کرنے والے کارخانوں کو انعام دیا جائے گا۔اس برس کے کشید ہنگام سے اس اسکیم کا آغاز ہوگا۔

***** ***** *****

بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین آسٹریلین اوپن کے مردوں کے انفرادی زمرے کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔انہوں نے کوارٹر فائنل میں بھارت کے ہی آیوش شیٹی کو شکست دی۔فائنل میں ان کا مقابلہ چائینیز تائپی کے چاؤ تین چین سے ہوگا۔

***** ***** *****

بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میچ کا آج اب سے کچھ دیر قبل گوہاٹی میں آغاز ہوا۔زخمی شبھ من گل کی بجائے رشبھ پنت اس میچ میں بھارتی ٹیم کی کپتانی کررہے ہیں۔اس میچ میں جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس سیریز میں جنوبی افریقہ نے پہلے ٹیسٹ جیت کر ایک صفر کی برتری حاصل کی ہے۔

***** ***** *****

مالیگاؤں میں ایک نابالغ بچی پر ہوئے وحیشانہ ظلم کے خلاف کل مکمل بند منایا گیا۔مشتعل عوام نے نعرے بازی کرتے ہوئے عدالت کے دروازے توڑ کر اندر داخل ہونے کی کوشش کی۔انہیں منتشر کرنے کے لیے پولس کو ہلکا لاٹھی چارج بھی کرنا پڑا۔ریاستی خواتین کمیشن کی چیئر پرسن روپالی چاکنکر نے کل متاثرہ بچی کے اہل خانہ سے مل کر تسلی دی۔

***** ***** *****

ریاست میں کل بیڑ میں سب سے کم درجۂ حرارت 10.1 ڈگری سیلیس ریکارڈ کیا گیا۔اس کے بعد اہلیہ نگر میں 10.3 ڈگری، چھترپتی سمبھاجی نگر میں 11.9 ڈگری سیلسیس، ناندیڑ 11 ڈگری، پربھنی 12.9 ڈگری اور دھاراشیو 14.1 ڈگری درجۂ حرارت درج ہوا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ بی ایس ایف کو آئندہ پانچ برسوں میں دنیا کی سب سے جدید فورس بنانے کا ہدف۔مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا عزم۔
- ☆ وزیر اعظم فصل بیمہ اسکیم میں مزید دو قسم کے نقصانات کو شامل کیا جائے گا۔وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان کی اطلاع۔
- ☆ نئے قوانین محنت کل سے ملک بھر میں نافذ
- ☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں منعقدہ ایکیم کونسل کے مندوبین کا آج ایلورہ دورہ۔

اور۔۔۔☆لکش سین، آسٹریلین اوپن بیڈمنٹن چمپئن شپ کے مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں داخل

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****